# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/FGRF/03 | | | |
|---|---|---|---|
| **کام کرنے کی جگہ** (Workplace) | ڈویژن | **شعبہ** (Department) | ایف جی آر ایف |
| **منصب** (Designation) | ڈویژن ذمہ دار | **جوابدہ** (Report to) | صوبائی ذمہ دار |
| **کام** (Function) | قدرتی آفات میں متاثرین عاشقانِ رسول کی مدد کرنا نیز سوشل ویلفیئر سے متعلقہ کام سرانجام دینا | **ماتحت اسٹاف** (Subordinate Staff) | ڈسٹرکٹ تا تحصیل ذمہ داران |

## منصب کے کام - Job Description

1. ڈویژن سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/کروانا۔
4. اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا، ذمہ داران کو فعال رکھنا اور تقرری و تبدیلی کا ریکارڈ اپ ڈیٹ رکھنا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
5. قدرتی آفات جیسے سیلاب (Flood)، زلزلہ (Earthquake)، وبائی امراض و دیگر حادثات وغیرہ میں عاشقانِ رسول کو ضروری اشیاء فراہم کرنا/کروانا۔
6. قدرتی آفات میں انتقال کرنے والوں کے شعبہ کفن دفن (Funeral Services) کی معاونت سے غسل، جنازہ و تدفین کے معاملات کرنا/کروانا۔
7. متاثرین تک امداد پہنچانے، مکانات، مساجد، مدارس اور جامعات وغیرہ کی تعمیرات کروانے کے لئے وولینٹئر عاشقانِ رسول تیار کرنا/کروانا۔
8. متاثرہ علاقوں میں بنیادی دینی و دنیاوی تعلیم کیلئے جامعات و مدارس المدینہ قائم کروانا اور مجلس کے مشورے سے پینے والے صاف پانی کی سبیل کا اہتمام کروانا۔
9. مقامات طے کرکے تھیلیسمیا کے مریضوں کیلئے بلڈ جمع کروانے کا اہتمام کرنا/کروانا۔
10. مختلف امراض میں مبتلا افراد کیلئے ہیلتھ کیئر سنٹر (Health Care Center) کا قیام کروانے میں متعلقہ نگران کی معاونت کرنا۔
11. جسمانی و ذہنی امراض میں مبتلا بچوں کی نگہداشت، تعلیم و تربیت اور ان میں دین کی تعلیمات کا شعور پیدا کرنے کے لئے فیضان ریہبلیٹیشن سنٹر کا قیام کروانا۔
12. طلباء و طلبات کو ہنر مند، باصلاحیت اور تعلیم یافتہ بنانے نیز ٹیکنیکل فنی مہارت سکھانے کے لئے سکل انہانسمنٹ پروگرام کے پراجیکٹ پر کام کرنا/کروانا۔
13. فضائی آلودگی/موسمیاتی تبدیلی کے نقصانات کو کم کرنے کیلئے شجر کاری مہم چلوانا۔
14. جدید تقاضوں کے مطابق اپنے متعلقہ جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ کرنا/کروانا۔
15. شعبے کے ایس او پیز اور جاب ڈسکرپشنز کا مطالعہ کرنا، کے پی آئیز سمجھنا/سمجھانا نیز تنظیمی معلومات و اپڈیٹس سے آگاہ رہنا۔
16. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات دیکھنا نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/کروانا۔
17. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا اور طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول/سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کرنا۔
18. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/کروانا۔
19. نگران کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم:** انٹر میڈیٹ — **دینی تعلیم:** 12 ماہ کا قافلہ کیا ہو + 12 دینی کام، اصلاح اعمال، فیضان نماز کورس کیے ہوں
- متعلقہ شعبے میں کم از کم 2 سے 3 سال کا تجربہ — نوٹ:۔ درسِ نظامی کیے ہوئے کو ترجیح دی جائے گی
- Leadership, People Management, Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Conceptual Skills, Creativity, Problem-solving, Creativity, Team-building

## اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درجہ ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی ترغیب دلائیں۔

- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالیں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) کے مواقع پر شرکت کریں نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی با اثر افراد سے ملاقات کریں۔
- شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، دار الافتاء اہلسنت، فیضانِ مدینہ وغیرہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیف شدہ اور المدینۃ العلمیہ کی تحریر شدہ دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔